# Sadiq Public School

Do the right, fear no man

**Subject: Urdu** **Class:P6** **Day:** Saturday / **16-Nov, 2024**

Lesson :

عنوان: یوم دفاع پاکستان

1.Inquiry:

1- ہم یوم دفاع کیوں مناتے ہیں؟

2-پاکستانی فوج نے 1965 کی جنگ کیسے جیتی؟

2.Information:

وطن سے محبت ایک فطری جذبہ ہے تاریخ گواہ ہے کہ جو قومیں اپنے وطن کے دفاع کی خاطر اپنا تن من دھن، قربان کرتی ہیں اور جاں فشاں جذبوں اور مضبوط ارادوں سے اپنے ملک کی حفاظت کرتی ہیں دنیاان پر فخر کرتی ہے بطور قوم ہم پاکستانی بھی کسی سے پیچھے نہیں ہم اپنے وطن سے بے پناہ محبت کرتے ہیں یہ وطن ہمارے بزرگوں کی لازوال قربانیوں کا ثمر ہے اس لیے یہ ہمیں اپنی جان سے بڑھ کر عزیز ہے ملک پاکستان پر جب جب مشکل وقت آیااور دشمن کی طرف سے کوئی مکاری اور چالاکی دکھائی گئی تب تب پوری قوم سیسہ پلائی دیوار بن گئی اور اپنی بہادر افواج کے شانہ شانہ وطن عزیز کا دفاع کیانہ صرف دفاع کیابلکہ دشمن کو شکست اور بھاری نقصان سے بھی دوچار کیا-

ہم چھ ستمبر کو یوم دفاع پاکستان مناتے ہیں چھ ستمبر 1965 ایساہی ایک دن تھا جب دشمن نے ہماری وطن سے محبت کو آزمانا چاہا اور منہ کی کھائی اس دن ہمارے دشمن بھارت نے رات کی تاریکی میں ہم پر حملہ کیا۔ یہ بھارت کا سوچا سمجھا منصوبہ تھاوہ سمجھتا تھا کہ رات کے اس پہر پاکستانی فوج غافل ہو گی لہٰذا وہ اچانک حملہ آور ہو کر زیادہ سے زیادہ علاقے پر قابض ہو جائے گا لیکن اسے اندازہ نہیں تھا کہ پاکستانی افواج کے بہادر ہمہ وقت اپنے وطن کی حفاظت کے لیے تیار رہتے ہیں۔

اس جنگ میں پاکستانی عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ رہے پاکستانی فوج کم تعداد اور کم وسائل کے ساتھ مقابلے پر اتری لیکن ان میں اپنے وطن سے محبت اور جذبہ ایمانی عروج پر تھا انہوں نے بہادری اور شجاعت کا ناقابل یقین مظاہرہ کیاوہ دشمن کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن گئے واہگہ کے محاذ پر میجر عزیز بھٹی اور میجر شفقت بلوچ نے بہادری شجاعت کا بھرپور مظاہرہ کیا انہوں نے اپنے جانباز ساتھیوں کے ساتھ اپنے سے کئی گنا بڑی فوج کو بی ۔ آر۔ بی نہر پار کرنے نہ دی۔

میجر راجہ عزیز بھٹی نے لگاتار پانچ دن اور پانچ راتیں جاگ کر بہادری کی نئی تاریخ رقم کی 12 ستمبر 1965 کی صبح ساڑھے نو بجے انہیں دشمن کی توپ کا گولہ لگایوں وطن کے اس بہادر سپوت نے اپنے وطن کی حفاظت کرتے ہوئے جان قربان کر دی بہادری کا بے مثل مظاہرہ کرنے پر انہیں فوج کا سب سے بڑااعزاز نشان حیدر دیا گیا سکواڈرن لیڈر محمد محمود عالم سکواڈرن لیڈر سرفراز احمد رفیقی شہید اور فلائٹ لیفٹیننٹ یونس حسن شہید نے وہ کارنامے انجام دیے کہ دنیا حیران رہ گئی سکواڈرن لیڈر محمد محمود عالم نے ایک منٹ کے عرصے میں اپنے سیبر طیارے کے ذریعے دشمن کے پانچ ہنٹر طیارے تباہ کر دیے یہ ایک عالمی ریکارڈ ہے پاکستانی عوام کی اپنے ملک سے محبت بھی واضح کر دی لوگوں نے پاک فوج کی مدد کے لیے اشیائے خوردنی، پیسوں، زیورات اور دیگر اشیاء کے ڈھیر لگا دیے۔ لاتعداد پاکستانی جوان خون عطیہ کرنے ہسپتالوں میں پہنچ گئے غرض ہر کسی نے اپنے وطن سے محبت کا اظہار کیا یہ دن ہم اس لیے مناتے ہیں کیونکہ ہماری بہادر افواج نے دشمن کو عبرتناک شکست دی اور عوام نے اتحاد اور وطن سے محبت کا بھرپور اظہار کیا چنانچہ اس دن ہم سکولوں میں خصوصی تقاریب کا انعقاد کرتے ہیں جن میں 1965 کی جنگ کے شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے۔

3. Synthesizing and absorbing the information:

نشانِ حیدر پاکستان کا سب سے بڑا فوجی اعزاز ہے۔ نشانِ حیدر اب تک گیارہ جوانوں کو مل چکا ہے۔ پاکستان کی فضائیہ کی تاریخ اور پاکستان کی بری فوج کے مطابق نشانِ حیدر حضرت علی کے نام پر دیا جاتا ہے کیونکہ ان کا لقب حیدر کرار تھا اور ان کی بہادری ضرب المثل ہے۔ یہ نشان صرف ان لوگوں کو دیا جاتا ہے، جو وطن کے لیے انتہائی بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے شہید ہو چکے ہوں۔ ان میں میجر طفیل نے سب سے بڑی عمر یعنی 44 سال میں شہادت پانے کے بعد نشان حیدر حاصل کیا، باقی فوجی جنھوں نے نشان حیدر حاصل کیا ان کی عمریں 40 سال سے بھی کم تھیں جبکہ سب سے کم عمر نشان حیدر پانے والے راشد منہاس تھے جنھوں نے اپنی تربیت میں 20 سال 6 ماہ کی عمر میں شہادت پر نشان حیدر اپنے نام کیا۔ آج تک پاکستان میں صرف 11 افراد کو نشانِ حیدر دیا گیا ہے۔

آپ نشان حیدر پانے والے شہداء سوار محمد حسین۔ میجر محمد اکرم۔ لانس نائیک محمد محفوظ۔ کرنل شیر خان۔ حوالدار لالک جان۔ نائیک سیف علی جنجوعہ۔ کی ملکی خدمات کا مطالعہ کریں

4. Practising:

مندرجہ ذیل الفاظ کے جملے بنائیں:

وطن، حفاظت، پیش قدمی، ناقابل یقین، ایمان

مرکب الفاظ:

دو یا دو سے زائد عربی یا فارسی الفاظ کا مجموعہ " مرکب الفاظ " کہلاتا ہے۔ مثال کے طور پر آب حیات، خوش حال، بانگ درا، اور شب و روز وغیرہ۔

دیے گئے الفاظ کی مدد سے مرکب الفاظ بنائیے اور پھر انہیں جملوں میں استعمال کریں۔

خوش، فاتح، مینار، صحت، قائد

نوٹ: جوابات اپنی نوٹ بک میں تحریر کیجئے۔

5. Feedback:

اگر کوئی سوال آپ کے ذہن میں ہے تو اپنے سیکشن کے متعلقہ اردو کے استاد کے ای میل ایڈرس پر ارسال کریں:

| Class | Teachers' Names | Teachers' Abbreviations | Teachers' Email Addresses | Instructions |
|---|---|---|---|---|
| P6A | Ahmed Raza Mehmood | ARM | raza12180@gmail.com | P6A students will send their home assignments to their subject teacher (ARM) for checking and getting feedback. |
| P6B | Javed Sattar | JS | javeedkhankpr@gmail.com | P6B students will send their home assignments to their subject teacher (JS) for checking and getting feedback. |
| P6C | Nazleen Tahseen | NTR | Cell No : 0306 0163093 | P6C students will send their home assignments to their subject teacher (NTR) for checking and getting feedback. |
| P6D | Majid Mehmood | MMB | majidmehmood787@gmail.com | P6D students will send their home assignments to their subject teacher (MMB) for checking and getting feedback. |
| P6E | Majid Mehmood | MMB | majidmehmood787@gmail.com | P6E students will send their home assignments to their subject teacher (MMB) for checking and getting feedback. |
| P6GA | Hafiza Zahra | HZY | Zahra.yousaf78@gmail.com | P6GA students will send their home assignments to their subject teacher (HZY) for checking and getting feedback. |
| P6GB | Maheen Ahmed | RMA | maheenahmed875 @gmail.com | P6GB students will send their home assignments to their subject teacher (RMA) for checking and getting feedback. |
| P6GC | Noureen Ghazanfer | NG | noureenghazanfar28@yahoo.com | P6GC students will send their home assignments to their subject teacher (NG) for checking and getting feedback. |